ذوالکفل بخاری

مرے مولا محمد، مرے سچے محمد!

ﷺ

مرے مولا محمد!
مرے سچے محمد!
مری دنیا میں جب سے، جس قدر سچائی ہے وہ آپ ہی سے ہے
مرے پاکیزہ طینت، پاک دامن، پاک زادو پاک نفس و پاک ہیں مولا!
مری دنیا میں جب سے، جس قدر پاکیزگی ہے آپ ہی سے ہے
مرے سچے محمد!
بھلائی جس قدر دنیا میں ہے، وہ آپ ہی سے ہے
مرے مولا محمد!
مری دنیا، مری دنیا نہیں یہ آپ ہی کی ہے
آپ ہی کے دم قدم سے، فیض سے، لطف و کرم سے
ذاتِ بابرکات سے، آباد ہے جب سے بھی یہ
اور جس قدر آباد ہے، یہ آپ ہی سے ہے
مرے سچے محمد!
مجھے سچائی کی، پاکیزگی کی اور بھلائی کی
جتنی ادائیں یاد ہیں وہ آپ ہی کی ہیں
ادادارِ نبوت...... میری اتنی سی گزارش ہے
مری اپنے ادافہموں سے نسبت خاص کر دیجیے
مجھے سچوں، بھلوں، پاکیزہ تر لوگوں کے قدموں میں جگہ دیجیے!
مجھے میری ہی دنیا میں قوی و معتبر کیجیے
یہ دنیا آپ ہی کی ہے
مرے مولا محمد!
مرے سچے محمد!

ﷺ